رایزنی فرهنگی سفارت جمهوری اسلامی ایران
دهلی نو

OFFICE OF CULTURAL COUNSELLOR
EMBASSY OF ISLAMIC REPUBLIC OF IRAN
NEW DELHI

51/9/875
29/06/2022

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم عالی جناب مہتمم مدرسہ/صدر انجمن

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ایران کلچر ہاؤس ایک ثقافتی ادارہ ہے جو گذشتہ ۲۲ سالوں سے حفظ وفن تجوید کی ترقی وترویج کیلئے، عوام الناس میں قرآن کریم کی صحیح تلاوت کا شوق پیدا کرنے کی غرض سے بمناسبت ولادت باسعادت پیغمبر عظیم الشان سرور کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ، امام جعفر صادقؑ اور ہفتۂ وحدت کے مبارک ومسعود موقع پر مسابقات قرآنی کا انعقاد کرتا رہا ہے جس میں امتیازی مقام حاصل کرنے والے تقریباً ۵۰ حفاظ وقراء کرام، ایران میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی مسابقہ میں شرکت کر چکے ہیں۔

سال گذشتہ عالمی وبا کورونا وائرس کے پیش نظر ادارہ کی جانب سے مسابقہ تو ہوا لیکن شرکاء کی تعداد کو کم کر دیا گیا تھا۔ الحمدللہ اس سال مسابقہ سالہائے گذشتہ کی طرح اپنی آب وتاب کے ساتھ منعقد کیا جا رہا ہے۔

ہماری خواہش ہے کہ فن تجوید اور حفظ قرآن کریم میں اپنے مدرسہ کے ممتاز حافظ وقاری کو منتخب فرما کر اپنی تصدیق کے ساتھ ہمارے ادارہ کو ارسال فرمائیں جو آپ کے مدرسہ یا تنظیم کی نمائندگی کر سکیں۔ مسابقہ میں ۱۸ سے ۳۵ سال کے افراد شرکت کر سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے آپ ادارے کے اس فیصلہ سے اتفاق کریں گے اور شرف قبولیت سے نوازیں گے۔

امسال ۲۳ ویں سہ روزہ کل ہند مسابقہ کا افتتاح مورخہ ۱۸/اکتوبر ۲۰۲۲ء بروز ہفتہ صبح ۱۰ بجے کیا جائیگا جو ۲۰/اکتوبر ۲۰۲۲ء تک جاری رہے گا۔

فارم ارسال کرنے کی آخری تاریخ ۵/ستمبر ۲۰۲۲ء ہے۔ فارم ہماری ویب سائٹ https://en.icro.ir/New-Delhi پر دستیاب ہے۔ فارم بھرنے کے بعد ای میل Email:ichdelhi@gmail.com پر ارسال کر دیں۔

ہمیں امید ہے آپ ہماری اس درخواست کو قبول فرما کر خواہشمند طلبہ واساتذہ کو مسابقہ میں شرکت کے لئے روانہ فرمائیں گے۔ نیز خداوند عالم ہم سب کو قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عنایت کرے۔ آمین

ارادتمند

ڈاکٹر محمد علی ربانی

کلچرل کاؤنسلر اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی

IRAN CULTURE HOUSE
18, TILAK MARG, NEW DELHI - 110001
TEL: 0091-11-23383232/34 FAX:+ 23387547
https://en.icro.ir/New-Delhi

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲ عدد فوٹو
پاسپورٹ سائز ارسال کریں۔

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوری ایران کے زیر اہتمام

۲۳واں سہ روزہ کل ہند مسابقۂ حفظ وقرائت قرآن کریم

مورخہ: ۸ تا ۱۰/ اکتوبر ۲۰۲۲ء

پتہ: ایران کلچر ہاؤس ۱۸۔تلک مارگ نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۱

فون نمبر: 011-23383232,33,34 فیکس: -011-23387547

Email:ichdelhi@gmail.com - https://en.icro.ir/New-Delhi

اسم گرامی حافظ/قاری:..ولد:.. عمر:....................

شغل:.. دینی تعلیم.. عصری تعلیم..

خط وکتابت کا موجودہ پتہ اُردو میں:..

.... رابطہ نمبر:..

Address In English:..

....

....

شرائط: مسابقہ میں ۱۸ سے ۳۵ سال کی عمر والے افراد شرکت کر سکتے ہیں۔شرکت کیلئے تعلیمی اسناد (حفظ یا تجوید کی سند) مدرسہ کا آئی کارڈ اور آدھار کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہیں۔مسابقہ میں دو زمرہ ہوں گے اور ہر زمرہ میں تین انعامات ہوں گے۔خواہشمند حضرات صرف ایک ہی زمرہ میں شرکت کر سکتے ہیں۔شرکت کنندگان اپنے مدرسہ کے مہتمم یا صدر انجمن رکنو یز مسابقات قرآنی کی رضامندی سے فارم و دیگر اسناد ارسال کریں اور کس زمرہ میں شرکت چاہتے ہیں نشان دہی کریں۔

مکمل حفظ قرآن کریم حدراً.. **قرائت قرآن کریم**..

امیدوار کا نام:.. **تصدیق کنندہ کا نام:**..

تاریخ:.. **فون نمبر:**..

شرکت کنندگان کی درخواست مع اسناد فوٹو کاپی ۵/ستمبر ۲۰۲۲ء تک ایران کلچر ہاؤس میں پہونچنا ضروری ہے۔متعینہ مدت کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائیگی۔فارم کا موصول ہونا منظوری کی دلیل نہیں ہے۔منتخب افراد کو بذریعہ فون اطلاع دی جائیگی۔شرکت کنندگان کو ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کا نارمل (سلیپر کلاس) کرایہ، بطور تعاون پیش کیا جائے گا۔ٹرین کا تتکال یا اے سی اور کلاس کا ٹکٹ قبول نہیں کیا جائے گا۔شرکت کنندگان کے لئے سہ روزہ قیام وطعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔

مندرجہ بالا معلومات میرے علم ویقین کے مطابق درست ہیں۔میں..یقین دلاتا ہوں کہ مسابقہ کے قواعد وضوابط کی پابندی کروں گا اور تمام نشستوں میں حاضر رہوں گا نیز جج صاحبان کے ہر فیصلہ کو قطعی اور آخری تسلیم کروں گا۔نیز دوران مسابقہ کسی طرح کا احتجاج نہیں کروں گا۔

﴿ دفتری اندراجات کے لئے ﴾

امیدوار کا نام: حافظ/قاری:———————— وضاحت اسناد وامتحان:———————— زمرہ حفظ:———————— زمرہ قرأت:————————

موصول ہونے کی تاریخ————————

نوعیت امتحان: ا۔عالی ۲۔بسیار خوب ۳۔خوب

شعبہ دار القرآن
خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی